حق پرست عوام آمنہ بیگم کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔ 29 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم شہداءاسیران کمیٹی کے رکن محمد رفیق کی والدہ محترمہ آمنہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ آمنہ بیگم کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

ایم کیو ایم کے کارکنان عبدالعزیز اور عابد علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔ 29 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کی کمیٹی کے رکن عبدالعزیز ولد عبدالصمد اور کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن عابد علی ولد عبدالصمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

رابطہ کمیٹی ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے یونٹ انچارج فیض محمد کو غیر معینہ مدت کی معطل کر دیا

کراچی۔۔ 29 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے پر ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے یونٹ انچارج فیض محمد ولد خدا بخش کو غیر معینہ مدت کے لئے تنظیم سے معطل کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ دار وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ فیض محمد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ رکھیں۔

ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔ 29 جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن عابد علی، لانڈھی سیکٹر یونٹ 83 کے کمیٹی کے رکن عبدالعزیز، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 48 کے کارکن عمران بندھانی کے والد محمد عبداللہ، سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن عبدالماجد کے بہنوئی بابر علی خان اور ایم کیو ایم دادوزون سیکٹر مہرسٹی کمیٹی کے کارکن اصغر علی کے والدہ راحت خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار الواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆